سُوْرَةُ النَّاسِ

مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اسکی چھ آیات ہیں

رکوع نمبر ۱ آیات ۱ تا ۶ عـمّ ۳۰/۳۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○	شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○	MANKIND *Revealed at Mecca* In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾	کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں ﴿۱﴾	1. Say: I seek refuge in the Lord of mankind,
مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾	(یعنی) لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی ﴿۲﴾	2. The King of mankind,
اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾	لوگوں کے معبود برحق کی ﴿۳﴾	3. The God of mankind,
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾	(شیطان) وسوسہ انداز کی برائی سے جو (خدا کا نام سنکر) پیچھے ہٹ جاتا ہے ﴿۴﴾	4. From the evil of the sneaking whisperer,
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾	جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے ﴿۵﴾	5. Who whispereth in the hearts of mankind,
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ عـ ۲۹	(خواہ وہ) جنات سے (ہو) یا انسانوں میں سے ﴿۶﴾	6. Of the jinn and of mankind.

اسرار و معارف

کہہ دیجئے کہ پناہ مانگتا ہوں لوگوں کے پروردگار کی اور اس کی جو سب کا حقیقی بادشاہ ہے اور معبود برحق ہے سب کا اُس سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے خواہ وہ وسوسہ ڈالنے والا جن ہو یا انسان کہ جنات اور انسان بھی شیطان کی پیروی کرتے کرتے شیطانی صفات میں رنگ جاتے ہیں۔

لبید بن اعصم یہودی نے آپ ﷺ کے موئے مبارک چرا کر کنگھی کے دندانوں میں گرہ دے کر کسی پرانے کنوئیں میں پتھر کے نیچے دبا دیئے اور آپ ﷺ علیل ہو گئے چنانچہ آپ ﷺ کو بذریعہ وحی اطلاع ہو گئی آپ ﷺ نے نکلوا لیے تو یہ سورتیں نازل ہوئیں ایک ایک آیت پر ایک ایک گرہ کھلتی جاتی تھی چنانچہ آپ ﷺ کو شفا ہو کر آپ ﷺ کی وساطت سے ساری امت کو ہمیشہ کے لیے سحر اور ٹونے ٹوٹکے

سے نجات اور شفا کے لیے کامل نسخہ بھی نصیب ہو گیا بعدازاں بھی جب طبع مبارک ناساز ہوتی تو آپ ﷺ یہ دونوں سورتیں پڑھ کر ہاتھ مبارک پہ دم فرماتے اور بدن مبارک پہ پھیر لیا کرتے تھے۔

الحمد للہ آج بیس رمضان المبارک ۱۴۱۸ ہجری بمطابق ۱۹ جنوری ۱۹۹۸ء تفسیر اسرار التنزیل مکمل ہوئی اس پر جس قدر اللہ کا شکر ادا کروں کم ہے یہ گیارہ سال میں ہر سال کے رمضان المبارک میں لکھی گئی سوائے سال گزشتہ کے کہ اس میں تفسیر پہ کام نہ ہو سکا دوسرے لفظوں میں اس پر بارہ ماہ صرف ہوئے اس کے سارے محاسن اور کمالات اللہ کی عطا اور برکات نبوی ﷺ سے باعث ہیں وہ برکات جو میرے عظیم شیخ نور اللہ مرقدہٗ کے طفیل مجھے نصیب ہوئیں اور اگر کہیں غلطی کی ہے تو وہ مجھ سیاہ کار کی خطا ہے۔

ہر قاری سے گزارش ہے کہ اگر کہیں غلطی پائیں تو مجھے مطلع فرمائیں کہ توبہ کروں اور رجوع کروں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں کہ بندہ ہمیشہ محتاج کرم ہے۔ آج بیس رمضان المبارک ہے کیا خبر اکیس کی شب ہی شب قدر ہو اے اللہ سب مسلمانوں کو شب قدر کی نعمتوں سے حظ وافر عطا فرما آمین۔ اے اللہ میرے گناہ بھی معاف فرما اور نیز وطن عزیز کو ہمیشہ قائم رکھ اور اس پر دین اسلام نافذ فرما اور ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل رکھ۔ امین یا الٰہ العلمین بحرمۃ رحمۃ للعلمین صلی اللہ علیہ وسلم